Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ یوم شنبہ بتاریخ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۵ء

حصہ اول

احکام اسٹیٹ کونسل رامپور

منظوری پنشن احمد سید حسین (پیشکار صیغہ تعلیم)	۲

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۲	منظوری رخصت سید تنویر حسین صاحب زیدی (سپرنٹنڈنٹ باغات)	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل   واقع ۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲ دسمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات متعلق پنشن مسماۃ احمد حسین سابق مددگار تعلیم پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کو یکم مئی ۱۹۳۵ء سے بصورت خاص مبلغ پچیس روپے ماہانہ پنشن دئے جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر مذکورہ بالا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام مناسب و اندراج گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ مثل آمدہ محافظ خانہ سررشتہ سے واپس کیا جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء (موصولہ بطبع ۲۰ دسمبر بوقت ۶ بجے شب)

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

مزید عرضداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بابتدعائے منظوری رخصت رعایتی تین ہفتہ مطلوبہ لفٹنٹ احمد شہید صاحب ملٹری میڈیکل افسر (بوجہ اشد ضرورت)

حکم

تین ہفتہ کی رخصت زیادہ ہے۔ ٹریننگ کا زمانہ ہے لفٹنٹ احمد شہید ملٹری میڈیکل افسر کی رخصت رعایتی پندرہ یوم از یوم استفادہ منظور کیجاتی ہے۔

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

آرمی آرڈر جاری کیا جائے

حکم :- واقع ۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء (موصولہ بطبع ۲۰ دسمبر بوقت ۶ بجے شب)

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

مزید عرضداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بابتدعائے منظوری رخصت یکمفتہ مطلوبہ لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب کمانڈنگ افسر فرسٹ پلٹن رضا انفنٹری از ۱۸ لغایت ۲۴ دسمبر ۱۹۳۵ء بوجہ انتقال اہلیہ صاحب موصوف بنیز رخصت میجر عمران شاہ خاں صاحب آفیشیٹنگ رہینگے

حکم

بموجب رپورٹ لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں کمانڈنگ افسر فرسٹ رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ یکمفتہ ۱۸ لغایت ۲۴ دسمبر ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ میجر عمران شاہ خاں آفیشیٹنگ رہینگے

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل اندور

حکم

واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ اکتوبر ۱۹۳۵ء میں بحوالہ منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ و رخصت علالت گیارہ ماہ سید تنویر حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ باغات پیش ہو کر طے پایا کہ حسب مشورہ فائننس سپرنٹنڈنٹ صاحب باغات کی ایک ماہ کی رعایتی رخصت از ۱۸ جولائی ۱۹۳۵ء تا ۱۷ اگست ۱۹۳۵ء اور سات ماہ کی رخصت علالت از ۱۸ اگست ۱۹۳۵ء تا ۱۷ مارچ ۱۹۳۶ء منظور کی جاتی ہے۔ چونکہ قبل ازیں پانچ ماہ کی رخصت علالت بوضع نصف تنخواہ وہ حاصل کر چکے ہیں۔ لہذا ان سات ماہ میں پہلے ایک ماہ کی رخصت حسب قاعدہ بوضع نصف تنخواہ ہوگی اور بقیہ چھ ماہ کی رخصت بوضع کل تنخواہ شمار ہوگی۔ کام کا انتظام حسب سابق رہے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں اور مشتہر در گزٹ ہو۔

[illegible]